© rasailojaraid.com

پچھاڑ یونانی منہاج پر چل کھڑے ہوگئے پھر انہوں نے اپنے اندر عجب تنگی پائی کہ بن سوچے سمجھے انہوں نے مصطفوی انقلاب کے لئے عیسائیوں کو اپنی پاکستان عوامی تحریک کا ممبر بننے کی دعوت داغ دی۔ فقہی مسائل میں اختلاف تو خیر قابلِ برداشت تھا مگر یہ سکہ بند کفار اور مرتدوں سے استعانت ایک لمحہ کے لئے قابلِ قبول نہیں۔

ہم سمجھتے ہیں قادری صاحب کے غبارے سے ہوا نکل گئی ہے اور وہ مرزائیوں کو مباہلہ کا چیلنج کر کے چوکڑی بھول گئے ہیں اور مرزائیوں کی زیرِ زمیں سازشوں کا شکار ہوگئے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون —— اللہ انہیں منہاج قرآن پر واپس آنے کی توفیق دے۔ قادری صاحب جس مصطفوی انقلاب کا علم بلند کرنے نکلے ہیں، وہ انقلاب عیسائیوں رافضیوں اور مرزائیوں کے غلغلے سے برپا ہوگا؟ ہم یقین کے ساتھ یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ قادری صاحب مغربی افکار کی یلغار کے سامنے سینہ سپر ہونے کی سکت نہیں رکھتے انہوں نے بھی مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی کے سیکولرزم کو نظریہ ضرورت کے ماتحت قبول کرلیا ہے اور جس طرح پاکستان کے دیگر جمہوری مولوی تاویل وتعبیر کے زہر کو تریاق بنا کر پیش کرتے ہیں، قادری صاحب بھی یہی گناہ کرنے پر تل گئے۔

ع خدا تجھے کسی طوفان سے آشنا کر دے

## اورنگ زیب عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ پی ٹی وی کے بنارسی ٹھگوں کے نرغے میں :

ضیاء الحق کے دورِ حکومت میں ٹیلیویژن کے پروگراموں کی پچاس فی صد تطہیر ہوگئی تھی۔ مگر بے نظیر کے اقتدار میں ٹیلی ویژن پروگراموں کو الٹی زقند لگوائی گئی اور دورِ جاھلیت کی تمام مذموم صورتوں کو ٹی وی کی سکرین پر جلوہ گر دیا گیا ایسے معلوم ہوتا ہے کہ اسلم اظہر فکری رشتوں کی نسبت یہودیت کی شاخ سبائیت سے متعلق ہیں اور اس "قبیلہ مبروص" کی تمام مکروہ آرزوؤں کی تکمیل کے لئے اُدھار کھائے بیٹھے ہیں پوری دنیا کے باشعور لوگوں کو علم ہے کہ حضرت اورنگ زیب عالم گیر رحمۃ اللہ علیہ ہندوستان کے وہ واحد حکمران ہیں جنہوں نے اپنے عہد حکومت میں سیدنا عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کی یاد تازہ کر دی تھی۔ عہدِ اورنگ زیب میں بہر نوع دین کو بالادستی حاصل تھی اور انہوں نے مرہٹوں اور ان کے شیعہ حلیفوں کو ہمیشہ ناکوں چنے چبوائے۔ ان کی سازشوں، بغاوتوں اور نفرتوں کی دھکائی ہوئی آگ کو فرد کرنے میں اورنگ زیب نے ۲۵ برس صرف کر دیئے۔ مگر یہ نفرتوں کے عفریت آج بھی اسی عمل میں مصروف ہیں اور بے نظیر کے اقتدار میں انہیں کھل کھیلنے کا موقع میسر آیا ہے۔ انہوں نے اپنے اسلاف سے شیواجی اور ان کے شیعہ حلیف ... کا انتقام لینے کے لئے اورنگ زیب کو گالی بکی ہے جس

© rasailojaraid.com